نارتھ ناظم آباد ٹاؤن کے علاقہ بڑا میدان جمہوریہ کالونی کے 100 سے زائد مسیحی نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے تحت بڑا میدان میں اجتماع کا انعقاد، اقلیتی عوام کی کثیر تعداد میں شرکت

کراچی ۔۔۔ یکم، جولائی 2008ء ۔۔۔ نارتھ ناظم آباد ٹاؤن کے علاقہ بڑا میدان کے 100 سے زائد مسیحی نوجوانوں اور بزرگوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے ۔ یہ اعلان انہوں نے ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے تحت گزشتہ روز بڑا میدان جمہوریہ کالونی میں منعقدہ ایک اجتماع میں کیا جس میں مسیحی نوجوانوں اور بزرگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔ اجتماع سے ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج منور الاسلام، اراکین فاروق سلیم اور پاسٹر جاوید انجم نے خطاب کیا۔ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنیوالے مسیحی نوجوانوں اور بزرگوں کی نمائندگی کرتے ہوئے مسیحی نوجوان امانت پرویز نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کو ملک میں بسنے والے اقلیتی عوام کی بھرپور حمایت حاصل ہے اور ایم کیوایم ہی وہ جماعت ہے جس نے اقلیتی عوام کے تحفظ کیلئے سب سے پہلے نہ صرف آواز بلند کی بلکہ جب اقلیتی عوام کو ظلم کا نشانہ بنایا جارہا تھا تو ایم کیوایم کے کارکنوں نے انہیں اپنے گھروں میں پناہ دی ۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتی عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں اپنے جائز حقوق کی جدوجہد جاری رکھیں گے ۔ قبل ازیں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج منور الاسلام نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد کا مقصد ملک بھر کے مظلوم عوام کے جائز حقوق کا حصول ہے اور اب حق پرستی کی اس تحریک میں اقلیتی عوام بھی جس جوش و جذبے کے شامل ہورہے ہیں وہ حق پرستی کی جدوجہد میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا ۔ انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے مسیحی نوجوانوں اور بزرگوں کو ایم کیوایم میں شمولیت پر خوش آمدید کہا۔

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت انسداد پولیو کی 5 روزہ مہم کا آغاز کردیا

رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وصوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب نے بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلائے

انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت خصوصی انتظامات کئے گئے، گشتی ٹیموں نے گھر گھر جاکر قطرے پلائے

کراچی ۔۔۔ یکم، جولائی 2008ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام انسداد پولیو کے سلسلے میں 5 روزہ مہم کا آغاز کردیا گیا ہے ۔ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وحق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب نے خورشید بیگم میڈیکل سینٹر واسپتال پاک کالونی میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین کے قطرے پلا کر کیا ۔ اس موقع پر خورشید بیگم میڈیکل سینٹر واسپتال کے انچارج عبدالقادر لاکھانی بھی موجود تھے ۔ انسداد پولیو مہم کے پہلے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت کراچی کے مختلف علاقوں میں واقع خورشید بیگم فلاحی ڈسپنسریوں میں سینکڑوں بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلائے گئے جبکہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی گشتی ٹیموں نے شہر کے مختلف علاقوں خصوصاً مضافاتی علاقوں میں بھی جاکر بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلائے اور والدین کو اس موذی مرض سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر سے آگاہ کیا ۔ قبل ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وحق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب نے خورشید بیگم میڈیکل سینٹر واسپتال پاک کالونی کے عملے اور بچوں کے والدین سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن واحد فلاحی ادارہ ہے جس کے تحت پولیو جیسے موذی مرض کے خاتمہ کیلئے باقاعدگی سے مہم چلائی جارہی ہے اور اس ادارے کی کوشش یہی رہی ہے کہ پولیو جیسے موذی مرض کا سندھ سے خاتمہ کیا جاسکے ۔ انہوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں اور گشتی ٹیموں کے ارکان کو پولیو مہم میں بھرپور حصہ لینے پر زبردست خراج تحسین پیش کیا اور انسداد پولیو مہم کیلئے خصوصی اقدامات کی تعریف کی ۔

ایم کیوایم ملیر اور کورنگی سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ یکم، جولائی 2008ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 99 کے کارکن سرفراز احمد کی والدہ محترمہ تبسم ناہید اور ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن محمد مرتضٰی کے بھائی محمد غیاث کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔ (امین)

☆☆☆☆☆